PR NO.58

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

انٹر پول ٹیم کا وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ

بچوں کے خلاف سائبر کرائمز روکنے کے لئے وفاقی محتسب کی کوششوں پر بریفنگ

اسلام آباد( ) بچوں کے جرائم کے خلاف انٹر پول کی ٹیم نے کرمنل انٹیلی جنس آفیسر گیبریلا جاویرا چمورو کونچا (Ms.Gabriela Javera Chamorro Concha) کی سربراہی میں گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ کیا، جہاں انہیں بچوں کے شکایات کمشنر محمد اشفاق احمد نے بچوں کے خلاف سائبر کرائمز کو روکنے اور خاص طور پر بچوں کی بہتری کے لیے اس دفتر کی کوششوں کے بارے میں جامع بریفنگ دی۔ٹیم کو بتایا گیا کہ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے کئی اقدامات اٹھائے گئے ہیں جن میں بچوں کے لیے ایک شکایات کمشنر کی تقرری، ملک میں بچوں کی حالت پر نظر رکھنا، بچوں کے خلاف تشدد کے واقعات کی نشاندہی کے لیے میڈیا رپورٹس سے استفادہ، قانون سازی میں اصلاحات کے لیے پارلیمنٹ کی معاونت، کلیدی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے ذریعے انتظامی مسائل کو حل کرنا، تحقیق، وکالت، آگاہی میں اضافہ اور صلاحیت کی تعمیر وغیرہ شامل ہیں۔بچوں کے کمشنر نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ کمشنر شکایات برائے اطفال کے دفتر نے مختلف سطحوں پر بچوں کے خلاف سائبر کرائمز کے معاملے کو بھرپور طریقے سے آگے بڑھایا ہے اور مداخلت کے لیے کچھ اہم شعبوں کی نشاندہی کی ہے جیسے عوامی بیداری اور میڈیا میں حساسیت پیدا کرنا نیز قانونی اصلاحات کے لئے وکالت اور صلاحیت کی تعمیر۔ٹیم کو مزید بتایا گیا کہ متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ فعال رابطوں کے ذریعے بچوں کے حقوق کے بارے آگاہی میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ عوامی خدمات کے پیغامات پیمرا، پی ٹی وی، پی بی سی، پی ٹی اے اور سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلائے جا رہے ہیں۔ ٹیم کو اس حوالے سے ''زینب الرٹ اور رسپانس اینڈ ریکوری ایکٹ 2020ء'' سے بھی آگاہ کیا گیا۔ٹیم نے وفاقی محتسب کے شکایات کمشنر برائے اطفال کی طرف سے ملک میں بچوں کی بہبود اور بچوں کے خلاف سائبر کرائمز کو روکنے کی کوششوں کو سراہا۔ٹیم نے باہمی رابطے کو فروغ دینے اور تجربات کے زیادہ سے زیادہ اشتراک کی ضرورت پر زور دیا۔واضح رہے کہ انٹر پول ٹیم کا یہ دورہ بچوں کے آن لائن استحصال سے نمٹنے کے اقدامات کا حصہ تھا۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

08 نومبر 2024ء